نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی بھوری کنگی کی پہچان، علامات اور تدارک بارے سفارشات جاری کردیں

لاہور: 21جنوری 2024(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق رواں سال گندم کی بروقت کاشت، فاسفورسی کھادوں اور ترقی دادہ بیج کے استعمال کے باعث اب تک فصل کی حالت بہت اچھی ہے تاہم گندم کی فصل پر بیماریوں کے حملہ کے امکانات موجود ہوتے ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا ہے کہ بھوری کنگی گندم کی ایک خطرناک بیماری ہے جو کہ پیداوار میں خاطر خواہ کمی کا باعث بن سکتی ہے۔**بھوری کنگی** کے پھیلاؤ کیلئے موزوں ترین درجہ حرارت 20 تا 25 ڈگری سینٹی گریڈ ہے۔اس بیماری کا حملہ عام طور پر پودے کے پتوں پر ہوتا ہے جس کی وجہ سے خاکی رنگ کے دھبے لائنوں کی بجائے بے ترتیب اور منتشر ہوتے ہیں۔ بڑھوتری کی اگیتی حالت میں حملہ ہونے پر پودے کمزور ہو جاتے ہیں اور پودے کا خوراک بنانے کا عمل متاثر ہوتا ہے۔ سٹے کو خوراک دینے والے پتے پر حملہ کی صورت میں پیداوار میں کمی واقع ہوتی ہے۔ یہ بیماری گندم پر حملے کی صورت میں فی ایکڑ پیداوار میں 30 فیصد تک کمی کا باعث بن سکتی ہے۔بھوری کنگی کے کنٹرول کیلئے کاشتکار گندم کی فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کریں اور فصل پر بھوری کنگی کے حملہ کی صورت میں زہروں کا استعمال محکمہ زراعت (توسیع و پیسٹ وارننگ) کے مقامی فیلڈ عملہ کے مشورہ سے کریں۔

☆☆☆☆